Urdu

مئی 2021

Communication with Communities Vaccination Task Force FAQ

ویکسینیشن ٹاسک فورس سے کئے جانے والے مختلف سوالات

1) ویکسین لگوانے کے کیا فوائد ہیں؟

عوام کو ضرررساں بیماری سے محفوظ رکھنے کے لئے ویکسین ایک سادہ ، محفوظ اور موثر طریقہ ہے۔

کووڈ 19 ویکسین مدافعتی نظام کے ذریعے ہمیں سارس – کوو – 2 وائرس سے بچاتی ہے ، جو کہ کووڈ – 19 کا باعث بنتا ہے ۔

یہ مدافعتی نظام اس وائرس کا سامنا ہونے پر اس کے خلاف لڑنے میں آپ کی مدد کرتا ہے، اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ آپ اپنے اردگرد کے لوگوں کے لیے کم خطرناک ہیں ۔ یہ خاص طور پر ان کے لئے ہے جو کہ کووڈ 19 سے شدید بیمار ہونے کے خطرے سے زیادہ دوچار ہیں مثلا صحت کے رضاکار، بزرگ اور وہ لوگ جو مختلف طبی مسائل کا شکار ہیں [1] ۔

حالیہ معلومات کے مطابق ، ویکسین کے بعد کووڈ 19 سے 6 سے 8 ماہ تک محفوظ رہنے کا امکان ہے ۔ کوئی بھی ویکسین سو فیصد محفوظ نہیں ہے، لیکن ویکسین لگنے کے بعد کووڈ 19 سے متاثر ہونے کا امکان بہت کم ہے ۔ لہذا یہ ضروری ہے کہ آپ تمام حفاظتی اقدامات اختیار کئے رکھیں مثلا سماجی فاصلہ ، ماسک کا استعمال اور بکثرت ہاتھ دھونا ۔ جب آبادی کا ایک بڑا حصہ (تقریباً 70 % -85 % تک) ویکسین لے چکا ہو گا، تب ہی کووڈ 19 کے خلاف استحکام پیدا ہو گا [2]

2) کس کو ویکسین لینی / نہیں لینی چاہیے ؟

کووڈ 19 کی یونانی قومی مہم کے تحت حالیہ مقصد یہ ہے کہ 18 سال سے اوپر کے ہر فرد کو ویکسین لگائی جائے ۔ طبی ماہرین ہی صحیح مشورہ دے سکتے ہیں کہ انفرادی طور پر ویکسین لگوانی چاہیے یا نہیں ۔ جن افراد کو تھروم بوسس یا شدید قسم کی الرجی ہو ان کو پہلے ڈاکٹر سے بات کرنی چاہئے ۔

آج تک کوئی ثبوت نہیں ملا کہ کووڈ 19 ویکسین کی وجہ سے حاملہ ہونے کے امکان پر کوئی اثر پڑا ہو ۔ ویکسین کے بعد حاملہ ہونے سے بچنا ضروری نہیں ہے ۔

شہادتوں کی بنا پر ، جن لوگوں کو کوووڈ 19 ویکسین کے کسی جز سے شدید قسم کی الرجی ہو، تو ان کو کووڈ 19 ویکسین سے بچنا چاہئے تاکہ ان کی صحت پر برے اثرات نہ پڑیں ۔ اس صورت میں کہ اگر آپ کو دوائی سے الرجی ہے تو ویکسین سے پہلے طبی عملہ کو آگاہ کریں ۔ اگر آپ بیمار ہیں یا کووڈ 19 کے آثار پائے جاتے ہیں تو ابتدائی اثرات کے ختم ہونے کے بعد آپ ویکسین لے سکتے ہیں ۔

اگر کووڈ 19 ہو چکا ہے تو کیا ویکسین لگوانی چاہیے ؟

اگر آپ کووڈ 19 سے متاثر ہو چکے ہیں تو پھر بھی جب آپ کو پیش کش کی جائے تو آپ کو ویکسین لگوانی چاہیے ۔ کووڈ 19 کے ہونے کی صورت میں جو حفاظت آپ کو حاصل ہوتی ہے ، اس کا ہر فرد پر انفرادی اثر ہوتا ہے اور اس کے بارے میں کوئی وضاحت موجود نہیں ہے کہ قدرتی انفیکشن سے مدافعت کتنا عرصہ جاری رہ سکتی ہے [3] ۔

---

[1] ڈبلیو ایچ او ویکسین کے بعد فوائد :
https://www.who.int/news-room/q-a-detail/coronavirus -disease-(covid-19)-vaccines

[2] دیکھئے https://emvolio.gov.gr/syxnes-erotiseis

[3] ڈبلیو ایچ او۔ اگر مجھے کووڈ 19 ہوا تو پھر مجھے کیا ویکسین لگوانی چاہیے۔
https://www.who.int/news-rooms/q-a-detail/coronavirus-disease-(covid-19)-vaccines

Communication with Communities Vaccination Task Force FAQ

مئی 2021

ویکسینیشن ٹاسک فورس سے کئے جانے والے مختلف سوالات

3) کووڈ 19 ویکسین کیسے حاصل کی جا سکتی ہے؟

قومی ویکسینیشن مہم کے مطابق 18 سال سے اوپر کے ہر فرد کو ویکسین لگنی چاہیے ۔ ویکسین کی فراہمی سب کے لیے مفت ہے ۔ حکومت نے اعلان کیا ہے کہ ایوروز اور جزیروں میں قائم استقبالیہ اور شناختی مراکز)آر آئی سی (کے ساتھ ساتھ مین لینڈ کی کھلی رہائش گاہ کی سہولیات میں موجود افراد کے لیے ایک مخصوص ویکسینیشن پلان ہو گا ۔

ای او دی یا سائٹ انتظامیہ آپ کو آگاہ کر دیں گے کہ آپ کو کووڈ 19 ویکسین کب لگ سکتی ہے ۔

4) کیا کووڈ 19 ویکسین محفوظ ہے ؟

کووڈ 19 ویکسین محفوظ ہے اور آپ کو شدید کووڈ 19 بیماری سے محفوظ کرتی ہے جن میں ہسپتال میں داخلہ اور فوتگی بھی شامل ہیں ۔ تمام کووڈ 19 ویکسین کی حفاظت کے لیے سخت اقدامات کئے گئے ہیں ۔ کووڈ 19 ویکسین کی حفاظتی ضروریات یورپی یونین کی کسی بھی دوسری ویکسین جیسی ہی ہیں ۔ حفاظت اور تاثیر کے طریقہ کار کو کووڈ 19 ویکسین کے تیزترین افتتاح کے باعث قطعا نظرانداز نہیں کیا گیا ۔ بین الاقوامی یورپی یونین کے ساتھ ساتھ قومی طبی (EU) یونین کے حکام کی منظوری سے پہلے ، ہر قسم کی ویکسین جو آپ کو فراہم کی جاتی ہے وہ کلینیکل تحقیقات سے گزر چکی ہو گی تاکہ یقین ہو سکے کہ یہ **ہر ایک کے لئے محفوظ ، موثر اور موزوں ہے ۔**

ابھی تک ، یونان میں تین ملین ویکسین کووڈ 19 سے زیادہ افراد کو دی جا چکی ہے اور ایک ارب کو دنیا بھر میں پہلی خوراک مل گئی ہے اور سنگین ضمنی اثرات جیسے الرجک ردعمل یا جمنے کے مسائل ، بہت کم ہوتے ہیں ۔ ہم سب کو کووڈ 19 انفیکشن کا خطرہ ہے ، اور یہ خطرہ ان بہت ہی نایاب واقعات کے خطرے سے زیادہ بڑھ کر ہے ۔ باقی تمام ویکسینوں کی طرح کووڈ 19 ویکسین کے استعمال میں خاص خیال رکھا جاتا ہے تاکہ یہ ان سب کے لیے محفوظ رہے جو اسے وصول کر رہے ہیں ۔

5) کیا کووڈ 19 ویکسین ضمنی اثرات پیدا کرتی ہے ؟

باقی کسی بھی ویکسین کی طرح کووڈ 19 ویکسین بھی ضمنی اثرات پیدا کر سکتی ہے ، جن میں سے زیادہ تر مدھم یا معتدل ہوتے ہیں اور کچھ ہی دن میں چلے جاتے ہیں ۔ کچھ افراد کو اس کے مضر اثرات نہیں ہوتے اور کچھ افراد نے عام مضر اثرات کی شکایت کی ہے جیسے کہ ٹیکے کے گرد سوجن ، لالی اور درد ، بخار ، سردرد ، تھکاوٹ ، پٹھوں میں درد ، کپکپاہٹ اور متلی ۔ طبی عملہ آپ کو 15 – 30 منٹ وہیں انتظار کرنے کا کہے گا تاکہ ویکسین کے بعد آپ کا ردعمل دیکھا جا سکے ۔

ویکسین لگنے کے بعد مضر اثرات کا مطلب ہے کہ ویکسین آپ کے جسم میں حفاظت (قوت مدافعت) پیدا کر رہی ہے اور کام کر رہی ہے ۔ اگر علامات بدتر ہو جائیں یا تشویش ہو تو اس کی تشخیص کے لئے معالج یا طبی عملے سے مشورہ کرنے کی صلاح دی جاتی ہے ۔ کسی بھی مسلسل یا نئے ہونے والے مضر اثر کی شناخت کے لئے دنیا بھر میں ماہر حکام مسلسل ویکسین کے اثرات کی جانچ پڑتال کرتے رہتے ہیں ۔ یہ نوٹ کرنا ضروری ہے کہ کووڈ 19 وائرس کے خلاف ، حفاظت کے سامنے مضر اثرات کے امکانات بہت کم ہیں ۔

طویل مدت ضمنی اثرات :

ضمنی اثرات عام طور پر کووڈ ویکسین حاصل کرنے کے پہلے چند دنوں میں ہی ہوتے ہیں ۔ سنگین ضمنی اثرات جن کی وجہ سے کوئی طویل مدت مسائل صحت ہوں ، کے امکان بہت کم ہیں ۔ہر ویکسین بشمول کووڈ 19 ویکسین کی دنیا بھر میں تقسیم اور مزید جانچ پڑتال سے پہلے وسیع پیمانے پر مضر اثرات کے لئے طبی طور پر جانچ پڑتال کی جاتی ہے ۔

مجھے کون سی ویکسین لگوانی چاہیے ؟

آپ کو وہ ویکسین لگوانی چاہیے جس کی آپ کو پیش کش کی گئی ہے۔ تقسیم کی جانے والی ہر ویکسین نے حفاظت اور تاثیر کے معیار کو پورا کیا ہے۔

7) کیا ہم ویکسین کے بعد احتیاطی تدابیر اختیار کرنا چھوڑ سکتے ہیں؟

کووڈ 19 سے مکمل حفاظت دوسری خوراک (زیادہ تر ویکسینز کے لئے) اور واحد خوراک (صرف جانسن اور جانسن کے لئے) کے 21 دن کے آس پاس ہوتی ہے۔ اس مدت سے پہلے، ابھی بھی وائرس سے متاثر ہونا ممکن ہے لہذا ویکسینز کے درمیان اور آپ کے ویکسین لینے کے بعد سماجی فاصلاتی اقدامات پر عمل کرنا بہتر ہے۔ 21 دن کے بعد بھی کووڈ 19 ویکسین آپ کو بیماری سے بچائے گی، لیکن ضروری نہیں ہے کہ وہ آپ کو دوسرے افراد کو متاثر کرنے سے روک سکے۔ سب کو ویکسین لگنے میں کچھ عرصہ لگ سکتا ہے، لہذا یہ ضروری ہے کہ کووڈ 19 سے حفاظت کے اقدامات (ماسک، حفظان صحت، معاشرتی فاصلے) پر عمل پیرا رہیں۔ سردیوں کے دوران جب لوگ گھر کے اندر زیادہ سے زیادہ وقت گزارتے ہیں تو، بہتر ہے کہ ہوا کی گردش کی جائے مثلا کثرت سے کھڑکیاں کھولی جائیں۔

8) میں مزید معلومات / مدد کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟

کووڈ 19 اور ویکسینیشن کے بارے میں معلومات مختلف ذرائع سے مل سکتی ہیں، جن میں سے زیادہ تر درج ذیل ہیں:

ویب سائٹ:

قومی ادارہ صحت برائے عوام الناس

https://eody.gov.gr/en/covid-19/ | انگریزی اور یونانی زبان میں دستیاب ہے ۔

قومی مہم برائے ویکسینیشن https://emvolio.gov.gr/

یو این ایچ سی آر مدد کی ویب سائٹ https://help.unhcr.org/greece/

پناہ گزین معلومات: https://www.refugee.info/greece | انگریزی ،فارسی ،عربی اور اردو زبان میں دستیاب ہے۔

ہیلپ لائنز :

قومی ادارہ صحت برائے عوام الناس (ای او دی) : 2000 210521 30 + یا 1135 | 24/7 اردو اور انگریزی میں دستیاب ہے۔

فیس بک میسنجر پر پناہ گزین معلومات: https://www.refugee.info/greece

انگریزی، فرانسیسی، عربی، فارسی اور اردو میں دستیاب ہے۔

یونانی ریڈ کرا س(HRC) – ملٹی فنکشنل سنٹر (MFC) :

2105140440 30 + (لینڈ لائن) یا +306934724893 (واٹس ایپ / وائبر) پیر – سوموار صبح 9 بجے سے شام 8 بجے تک | یونانی، انگریزی، عربی، فارسی / دری، پشتو، روسی، فرانسیسی، سواہلی، کنیاروندا، کروندی، ترکی، اردو، منڈنگو، مالنکے، سوسو، فولا اور کسی میں دستیاب ہیں۔

یونانی کونسل برائے پناہ گزین (GRC) ہیلپ لائن: شیڈول کے لیے ادھر دیکھیں:

https://www.gcr.gov.gr/media/k2/attachments/GCR HELPLINE ENGLISH.pdf

ذاتی طور پر[4]: کھلی رہائش گاہ اور آر آئی سی : این پی ایچ او (ای او دی) کا عملہ

[4] آپ ہمیشہ اپنے ڈاکٹر یا اپنے کے قریب کسی خاص ڈاکٹر سے مشورہ کر سکتے ہیں۔

Urdu

Communication with Communities Vaccination Task Force FAQ

مئی 2021

ویکسینیشن ٹاسک فورس سے کئے جانے والے مختلف سوالات

9) خرافات اور افواہوں کو کس طرح دور کیا جائے؟

کووڈ 19 اور ویکسینز کے بارے میں بہت سی افواہیں اور خرافات موجود ہیں۔ انٹرنیٹ پر ویکسین کے بارے میں معلومات پر غور کرنے سے پہلے چیک کر لیں کہ معلومات قابل اعتماد وسیلہ سے آئی ہیں اور مستقل بنیاد پر تجدید کی جا رہی ہے۔ ان کو تلاش کرنے میں آپ کی مدد کے لئے، عالمی ادارہ صحت نے دنیا بھر میں بہت ساری ویب سائٹوں کا جائزہ لیا اور تصدیق کی ہے جو صرف معتبر تکنیکی ماہرین کے ذریعے قابل اعتماد سائنسی ثبوتوں اور آزاد جائزوں پر مبنی معلومات فراہم کرتی ہیں۔ یہ تمام ویب سائٹیں ویکسین سیفٹی نیٹ کی رکن ہیں۔